arznewspk@gmail.com - asifsaudpk@gmail.com

☆☆☆ ارضِ پاک کا بے باک رہنما ترجمان ☆☆☆

Daily ARZ NEWS Karachi

روزنامہ ارض نیوز کراچی

ایڈیٹر آصف سعود

قیمت 20 روپے

جلد نمبر 23 | جمعرات 10 اپریل، 2025، 11 شوال 1445ھ | شمارہ نمبر 352



چیئرمین ملیر ٹاؤن جان محمد بلوچ، میونسپل کمشنر آغا سمیر خان درانی کے ہمراہ ہیٹ اسٹروک کیمپ پر عوام کو ٹھنڈے مشروبات پلا رہے ہیں

# صحت مندانہ ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے' جان محمد بلوچ

## ہیٹ اسٹروک کیمپ پر ٹھنڈے مشروبات و پانی کی فراہمی بلا تعطل جاری رکھی جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین ملیر ٹاؤن جان محمد بلوچ نے کہا ہے کہ ملیر ٹاؤن میں رہائش پزیر عوام کو صحت مندانہ ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، پاکستان پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جو عوام کے درمیان رہتے ہوئے تمام قدرتی آفات اور چیلنجز کا سامنا کرتی ہے، غریب عوام کے حقوق کیلئے ایوانوں میں آواز اٹھاتی ہے، ملیر ٹاؤن میں عوامی مقامات پر ہیٹ اسٹروک کیمپ پر درجنوں افراد مستفید ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میونسپل کمشنر آغا سمیر خان درانی کے ہمراہ ملیر ٹاؤن انتظامیہ کی جانب سے ملیر 15 پر لگائے گئے ہیٹ اسٹروک کیمپ پر عوام کو فراہم سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سپرنٹنڈ انجینئر رحمت اللہ اربانی میمن، ڈائریکٹر ایچ آر ایم محمد شریف، سینئر اکاؤنٹ آفیسر جاوید ابڑو ڈائریکٹر پرچیز وپے رول آفیسر محمد عدنان، ڈائریکٹر سینی ٹیشن نصیر ایوب و دیگر بھی موجود تھے۔

CamScanner